سوال

(146)حافظ قرآن کی عزت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حافظ قرآن کی شان کیا ہے ؟ اگر کوئی پشہ ورملاا سے کہے کہ دفع ہوجاؤ۔ تم یہ کررہے ہووہ کررہے ہو تو یہ کہاں تک درست ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حافظ قرآن اور عالم دین دونوں کی فضیلت بہت زیادہ ہے اور قرآن کے حافظ 'قاری اور عالم کی عزت و احترام کرنا ہو مسلمان کا فرض ہے ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن حافظ قرآن کے والدین کے سر پر روشنی کا تاج ہوگا اور وہ اپنے والدین کے حق میں شفاعت کرے گا ۔ اگر کسی نے حافظ قرآن کی توہین کی ہے تو اسے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنی چاہیئے ۔ یہ گناہ ہے ۔ ایک مسلمان کو تو عام مسلمان بھائی کی بھی عزت کرنی چاہیئے جبکہ حافظ قرآن اور عالم دین کا تو مقام ہی بلند ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص328

محدث فتویٰ